Maulana Azad National Urdu University

M.A : Generic Elective : (All P.G. Programme) Semester Examination - May - 2019

Paper - PGIS201GET : Fundamentals of Islam

پرچہ: اسلام کے مبادی

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ایمان کا کیا مطلب ہے؟

(a) دل سے ماننا (b) زبان سے اقرار کرنا

(c) عمل کرنا (d) یہ تینوں

(ii) آسمانی کتابوں میں شامل ہیں؟

(a) تورات (b) قرآن

(c) انجیل (d) یہ سارے

(iii) قرآن کے بارے میں صحیح کیا ہے؟

(a) تمام آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے (b) ایک بار میں نازل ہوا

(c) ترجمہ بھی قرآن ہے (d) سب غلط

(iv) صحاح ستہ میں کون شامل نہیں ہے؟

(a) بخاری (b) مشکوۃ

(c) نسائی (d) ابوداؤد

(v) مسلمانوں کی پہلی ہجرت کا نام ہے۔

(a) ہجرت حبشہ (b) سفر طائف

(c) ہجرت مدینہ (d) سفر تبوک

(vi) فقہ کسے کہتے ہیں؟

(a) قرآن کے احکام کو
(b) قرآن اور حدیث کے احکام کو
(c) قرآن وحدیث اور اجتہاد کے احکام کو
(d) صرف اجتہاد کے احکام

(vii) پہلی جنگ کا نام کیا ہے؟

(a) غزوہ احد
(b) غزوہ بدر
(c) غزوہ خندق
(d) جنگ فتح مکہ

(viii) اسلام میں نکاح کا تصور کیا ہے؟

(a) بہت آسان عمل ہے
(b) مہر دینا ضروری ہے
(c) مقدس معاہدہ ہے
(d) تینوں صحیح

(ix) میراث میں دو تہائی حصہ کسے ملتا ہے؟

(a) بھائی کو
(b) بیٹی کو
(c) ماں کو
(b) باپ کو

(x) شریعہ ایپلی کیشن ایکٹ کب بنا؟

(a) 1938
(b) 1937
(c) 1837
(d) 1838

حصہ دوم

2. توحید کے بارے میں ایک مضمون لکھیے ۔
3. آسمانی کتابوں پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔
4. سنت کی ضرورت پر اظہار خیال کیجیے۔
5. قرآن کی تدوین پر روشنی ڈالیے۔
6. اہم غزوات پر گفتگو کیجیے۔
7. حضور ﷺ کی مکی زندگی پر ایک مضمون لکھیے ۔
8. اسلام میں طلاق کے تصور کی وضاحت کیجیے۔
9. ہجرت حبشہ پر ایک نوٹ لکھیے ۔

حصہ سوم

10. حج اور اس کے احکام کے بارے میں تفصیل سے لکھیے ۔
11. صحاح ستہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بتایئے۔
12. نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ پر مضمون لکھیے ۔
13. فقہ کا تعارف کرایئے اور اس کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔
14. ہندوستان میں مسلم پرسنل لا پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆